سوال

(1018)کیا مسنون خطبہ میں ونومن بہ ونتوکل علیہ کے الفاظ صحیح سند سے ثابت ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسنون خطبہ میں الفاظ ونومن بہ ونتوکل علیہ صحیح سند سے ثابت ہیں؟ لفظ اشہد صرف واحد کے صیغہ سے ہی ہے یا جمع سے بھی؟ لفظ یُضْلِلْ کے ساتھ ضمیر ''ہ'' کا اضافہ ثابت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسنون خطبہ میں ونومن بہ ونتوکل علیہ کے اَلفاظ ثابت نہیں۔ یہ الفاظ ''تاریخ بغداد'' میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی روایت میں ہیں لیکن سند کے اعتبار سے سخت ضعیف ہیں۔

اور لفظ اَشْہَدُ مفرد کے صیغہ سے ہی ثابت ہے، بطورِ صیغہ جمع نہیں۔

لفظ یُضْلِلْ کے ساتھ ''ہ'' ضمیر کا اضافہ ثابت نہیں، مذکورہ روایت صحیح مسلم (۳ ۱۱)، سنن نسائی (۱ ۲۳۴)، سنن بیہقی (۳ ۲۱۴) اور مسند احمد (۳ ۳۷۱، ۳۱۹) میں موجود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 817

محدث فتویٰ